# ہمارے ساتھ شامل ہوں!

ہم چاہتے ہیں کہ بچے، نوجوان اور ان کے گھر والے زیادہ بڑی تعداد میں ہمارے سپورٹس کلبوں  میں شامل ہوں۔ اس بروشر میں آپ یہ تفصیل پڑھ سکتے ہیں کہ ایک سپورٹس کلب کیا ہوتا ہے، آپ کن چیزوں میں شامل ہو سکتے ہیں اور کیسے ممبر بن سکتے ہیں




Urdu

## کھیلوں کے شعبے میں خوش آمدید!

ہم سب بچوں، نوجوانوں اور ان کے گھر والوں کو سپورٹس کلب (Idrettslaget, IL) میں خوش آمدید کہتے ہیں۔ ناروے میں تقریبا 12 000 سپورٹس کلب ہیں۔ زبان، تہذیب، عمر، جنس یا معذوری سے قطع نظر سب کو سپورٹس کلبوں میں شامل ہونے کی دعوت ہے۔ ہم آپ کو بھرپور دعوت دیتے ہیں کہ آپ ہماری پیشکش دیکھیں اور خود وہ کھیل چنیں جس میں آپ حصہ لینا چاہتے ہیں۔ ہم ایک محفوظ، نشے سے پاک اور خوشگوار ماحول میں کھیلوں کی سرگرمیاں پیش کرتے ہیں۔حصہ لینے کیلئے یہ ضروری نہیں کہ آپ اچھے کھلاڑی ہوں۔ چاہے کوئی کسی بھی سطح کی صلاحیت رکھتا ہو، سب کیلئے گنجائش موجود ہے۔ کچھ سپورٹس کلب اس دوران والدین اور سرپرستوں کیلئے بھی سرگرمیاں مہیا کرتے ہیں جب بچے کھیل میں مصروف ہوں۔

بروشر کی پچھلی طرف اپنے سپورٹس کلب کی سرگرمیوں کے بارے میں مزید تفصیل پڑھیں۔ مزید معلومات کیلئے سپورٹس کلب سے رابطہ کریں۔

Cover photo: Håkon Jørgensen




Photo: Håkon Jørgensen

## سپورٹس کلب(IL) کیا ہوتا ہے ؟

ایک سپورٹس کلب ایک علاقے میں لوگوں کے اکٹھے ہونے کا ایک اہم مقام ہوتا ہے۔ کئی بچے، نوجوان اور بالغ افراد اپنے فارغ وقت کا بہت سا حصہ یہاں گزارتے ہیں اور یہ کلب کے ممبر طے کرتے ہیں کہ کونسی سرگرمی کی جائے گی۔ ناروے میں بالعموم والدین اور سرپرست یا دوسرے بالغ لوگ رضاکارانہ طور پر بلا معاوضہ سپورٹس کلب چلاتے ہیں۔

کئی سپورٹس کلبز میں کوچ کے طور پر عورتیں اور مرد دونوں کام کرتے ہیں اور اس طرح یہ یقینی ہو جاتا ہے کہ آپ کے بچے کو کامیابی اور کھیل کی خوشی میسر آئے۔



Photo: Ingrid Maurstad, Oslo IK




آپ کو کیوں شامل ہونا چاہیئے؟

# 1

## دوسروں کے ساتھ مل کر مزا لیں!

کھیلوں میں حصہ لینے والے بچے اس لیے حصہ لیتے ہیں کہ انہیں کھیل کامزا آتا ہے۔ دوستوں کے ساتھ مل کر انہیں زندگی بھر  یاد رہنے والے تجربات اور سبق حاصل ہوتے ہیں۔ اس طرح بچے ذمہ داری لینا اور دوسروں کا لحاظ کرنا سیکھتے ہیں۔ سکول سے چھٹی ہونے کے بعد کسی سرگرمی میں شامل ہونا بامعنی ہوتا ہے۔ سپورٹس کلب کے ممبر کے طور پر آپ کیلئے دوسرے لوگوں سے تعلق پیدا کرنا آسان ہو جاتا ہے، آپ کے دوستوں میں اضافہ ہوتا ہے اور  آپ ایک زیادہ بڑے سوشل نیٹ ورک کا حصہ بن جاتے ہیں۔ بچوں کیلئے یہ بہت اہم ہوتا ہے کہ والدین اور سرپرست سپورٹس کلب میں دلچسپی لیں۔



# 2

## کھیل اور ورزش صحت کیلئے مفید ہے!

کھیل کود اور ورزش کرتے رہنا اہم ہے۔ ہم تجربے سے جانتے ہیں کہ اکیلے کوئی ورزش کرنے کی نسبت دوسروں کے ساتھ مل کر کھیلنا یا ورزش کرنا زیادہ آسان ہوتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ بچوں کو دوسرے بچوں کے ساتھ کھیل کود میں مزا بھی آتا ہے اور ہر بچہ حصہ لینے سے بہت کچھ سیکھتا ہے۔ صحت بخش غذا اور ورزش سے روزمرہ زندگی میں بچوں کی توانائی میں اضافہ ہوتا ہے۔ توانائی میں اضافے سے بچہ توجہ برقرار رکھنے کے زیادہ قابل ہوتا ہے اور سکول میں بہتر کارکردگی دکھاتا ہے۔ بچپن میں سپورٹس میں شریک ہونے سے بالغ زندگی میں بھی سپورٹس جاری کا زیادہ امکان ہوتا ہے۔

# 3

## محفوظ اور مناسب

تمام سپورٹس کلب بچوں کو محفوظ اور مناسب پیشکش فراہم کر نے کے پابند ہیں۔ سپورٹس کے شعبے کی واضح حدود ہیں اور یہ موبنگ، دوسروں کو ستانے، نسل پرستی اور تشدد کے خلاف مستعد طور پر کام کرتا ہے۔ اگر آپ کو بچوں اور نوجوانوں کے کوچ یا لیڈر کے طور پر کام کرنا ہو تو آپ کے پاس منظور شدہ پولیس سرٹیفکیٹ ہونا ضروری ہے۔ یہ اصول سپورٹس کلبوں میں ایسے کام انجام دینے والے سب لوگوں کیلئے واجب ہے جن میں نابالغ یا معذور افراد کے سلسلے میں بھروسے یا ذمہ داری کا معاملہ ہو۔

والدین اور سرپرست بھی سپورٹس کلب میں عہدے لے سکتے ہیں یا کوچ، لیڈر اور/یا ریفری کا کردار ادا کر سکتے ہیں۔

*ناروے دنیا کا وہ واحد ملک ہے جہاں بچوں کی سپورٹس کو "سپورٹس میں بچوں کے حقوق" اور "بچوں کی سپورٹس کیلئے قوانین" کے تحت منظم کیا گیا ہے جو یہ بیان کرتے ہیں کہ ہم سپورٹس کلب میں بچوں کی سپورٹس کو کس طرح چلانا چاہتے ہیں تاکہ سب کو کامیابی اور کھیل کی خوشی میسر آئے۔*



Photo: Håkon Jørgensen



# 4

## شامل ہو کر  کردار  ادا کریں اور نئے لوگوں سے ملیں!

بالعموم سپورٹس کلب رضاکارانہ طور پر چلائے جاتے ہیں۔ والدین اور سرپرست، بہن بھائی اور دوسرے لوگ بلامعاوضہ کام کرتے ہیں۔  رضاکاروں کی بدولت سپورٹس کلب اچھی سرگرمیاں پیش کرتا ہے اور مقامی علاقے میں سب کیلئے ایک اچھا مقام بن جاتا ہے۔
ایک سپورٹس کلب میں بہت سے کام کیے جاتے ہیں جیسے یونیفارموں کی دھلائی، کلب بلڈنگ میں چیزوں کو درست جگہوں پر رکھنا، ٹورنامنٹ کے دوران کارپارک ڈیوٹی، کھلاڑیوں کو میچ کیلئے گاڑی میں لے جانا اور واپس لانا اور کیوسک میں چیزیں فروخت کرنا۔ سپورٹس کلب کے مفاد کیلئے کیے جانے والے یہ رضاکارانہ کام «dugnad» کہلاتے ہیں۔ ان کاموں سے بہت سے اچھے تجربات حاصل ہوتے ہیں اورسماجی وابستگی کا احساس پیدا ہوتا ہے۔ سپورٹس کلب اس پر انحصار کرتے ہیں کہ بالغ لوگ سال بھر کے دوران رضاکارانہ کاموں میں شریک ہوں۔ اس طرح بچوں اور نوجوانوں کو سپورٹس کی اچھی پیشکش میسر آتی ہے۔ آپ کی کوششوں کی بہت قدر کی جاتی ہے!

# 5

## خرچ کے بدلے بہت سے فوائد

سپورٹس کلب کی سرگرمیوں میں حصہ لینے کیلئے سب لوگوں کو ادائیگی کرنی ہوتی ہے۔

ادائیگی کی دو قسمیں زیادہ عام ہیں:

1. ممبرشپ فیس – منظم سپورٹس میں حصہ لینے کے خواہشمندوں کو سپورٹس کلب کا ممبر بننا پڑتا ہے۔

2. ٹریننگ فیس – ایک سپورٹ میں حصہ لینے والے سب لوگوں کو مل کر اخراجات پورے کرنے ہوتے ہیں جیسے گراؤنڈ کا کرایہ، ٹیم کا سازوسامان، سیریز/میچوں میں شرکت، سفر۔




Photo: Håkon Jørgensen



Photo: Håkon Jørgensen



Photo: Jens Haugen



# 6

## سازوسامان

زیادہ تر سرگرمیوں کیلئے بچوں کو صرف سیدھا سادا سامان درکار ہوتا ہے جیسے ٹی شرٹ، ٹریک پینٹ اور جاگنگ شوز۔ لمبی پینٹ اور ڈھکے ہوئے سر کے ساتھ کھیلنے میں کوئی ہرج نہیں ہے، ہر قسم کی سپورٹس میں۔ زیادہ تر سپورٹس کلب سازوسامان ادھار دیتے ہیں۔





Photo: Eirik Førde

ہمارا سپورٹس کلب نارویجن اولمپک اینڈ پیرالمپک کمیٹی اینڈ کنفیڈریشن آف سپورٹس (NIF)کا رکن ہے۔ شعبہ سپورٹس ناروے کی سب سے بڑی عوامی مہم ہے جس کے ممبروں کی تعداد تقریبا 2.2 ملین ہے۔

NIFکا تصور "سب کیلئے کھیل کی خوشی" ہے اور ہمارا ہدف یہ ہے کہ ہم ان سب لوگوں کو کوئی سرگرمی یا سپورٹس شروع کرنے کے مواقع فراہم کریں جنہیں اس کی خواہش ہے۔ شعبہ سپورٹس 54 خاص کھیلوں کی فیڈریشنوں کی صورت میں منظم ہے جن میں سے ہر ایک فیڈریشن اپنے اپنے کھیل کیلئے ذمہ دار ہے۔

سپورٹس کی تمام سرگرمیاں ان بنیادی اقدار کی بنا پر ہوں گی "کھیل کی خوشی، سماجی وابستگی، صحت اور دیانت" اور نارویجن شعبہ سپورٹس "آزادانہ مرضی، جمہوریت، وفاداری اور برابر قدروقیمت" کا مظہر ہو گا۔

کیا آپ کوئی کھیل آزمانا چاہتے ہیں؟ ہم سے رابطہ کریں!



Photo: Vidar Noreng


Photo: Stian Lysberg Solum, NTBscanpix

NORGES IDRETTSFORBUND